# The Absolute Reality

www.quran4u.com

## Noble Quran | الْقُرآن الْحَكِيمُ

Urdu Translation (Shah Abdul Qadir) | اردو ترجمہ بمعہ عربی (حضرت شاہ عبدِالقادر)

# سورۃ المدثر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| يَٰٓأَيُّهَا ٱلۡمُدَّثِّرُ<br>اے لحاف میں لپٹے ! | 1. |
| قُمۡ فَأَنذِرۡ<br>کھڑا ہو، پھر ڈر سنا (خبر دار کر)، | 2. |
| وَرَبَّكَ فَكَبِّرۡ<br>اور اپنے رب کی بڑائی بول، | 3. |
| وَثِيَابَكَ فَطَهِّرۡ<br>اور اپنے کپڑے صاف رکھ، | 4. |
| وَٱلرُّجۡزَ فَٱهۡجُرۡ<br>اور کتھرے (ناپاکی) کو چھوڑ دے، | 5. |

| | |
|---|---|
| .6 | وَلَا تَمۡنُن تَسۡتَكۡثِرُ<br>اور نہ کر کہ احسان کرے اور بہت چاہے، |
| .7 | وَلِرَبِّكَ فَٱصۡبِرۡ<br>اور اپنے رب کی راہ دیکھ (کی خاطر صبر کر)۔ |
| .8 | فَإِذَا نُقِرَ فِي ٱلنَّاقُورِ<br>پھر جب کھڑ کھڑا تے وہ کھو کھرا (صور پھونکا جائے)، |
| .9 | فَذَٰلِكَ يَوۡمَئِذٖ يَوۡمٌ عَسِيرٌ<br>پھر وہ اس دن مشکل دن ہے، |
| .10 | عَلَى ٱلۡكَٰفِرِينَ غَيۡرُ يَسِيرٖ<br>منکروں پر نہیں آسان۔ |
| .11 | ذَرۡنِي وَمَنۡ خَلَقۡتُ وَحِيدٗا<br>چھوڑ دے مجھ کو اور اس کو، جو میں نے بنایا اکا ّ(اکیلا)، |
| .12 | وَجَعَلۡتُ لَهُۥ مَالٗا مَّمۡدُودٗا<br>اور دیا اس کو مال پھیلا کر (ڈھیروں)، |
| .13 | وَبَنِينَ شُهُودٗا<br>اور بیٹے مجلس میں بیٹھنے والے، |

| | |
|---|---|
| .14 | وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمۡهِيدًا<br>اور تیاری (راہ ہموار) کر دی اس کو خوب تیاری، |
| .15 | ثُمَّ يَطۡمَعُ أَنۡ أَزِيدَ<br>پھر لالچ رکھتا ہے کہ اور دوں۔ |
| .16 | كَلَّآۖ<br>کوئی (ہرگز) نہیں!<br>إِنَّهُۥ كَانَ لِأٓيَـٰتِنَا عَنِيدًا<br>وہ (تو) ہے ہماری آیتوں کا مخالف، |
| .17 | سَأُرۡهِقُهُۥ صَعُودًا<br>اب اس سے چڑھواؤں گا بڑی (کٹھن) چڑھائی۔ |
| .18 | إِنَّهُۥ فَكَّرَ وَقَدَّرَ<br>اس نے سوچ کیا (سوچا) اور دل میں ٹھہرایا (بات بنائی)۔ |
| .19 | فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ<br>سو مارا جائے! کیسا ٹھہرایا (بات بنائی)؟ |
| .20 | ثُمَّ قُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ<br>پھر مارا جائے کیسا ٹھہرایا (بات بنائی)؟ |

| | |
|---|---|
| ثُمَّ نَظَرَ<br>پھر نگاہ کی (نظر دوڑائی)، | .21 |
| ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ<br>پھر تیوری چڑھائی اور منہ تھتھایا(ناخوشی جتائی)، | .22 |
| ثُمَّ أَدْبَرَ وَٱسْتَكْبَرَ<br>پھر پیٹھ دی (پلٹا)،اور غرور کیا، | .23 |
| فَقَالَ إِنْ هَـٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ<br>پھر بولا،اور نہیں یہ (قرآن) جادو ہے چلا آتا۔ | .24 |
| إِنْ هَـٰذَآ إِلَّا قَوْلُ ٱلْبَشَرِ<br>اور نہیں، یہ کہا ہے آدمی کا۔ | .25 |
| سَأُصْلِيهِ سَقَرَ<br>اب اس کو ڈالوں گا آگ میں۔ | .26 |
| وَمَآ أَدْرَىٰكَ مَا سَقَرُ<br>اور تو کیا بوجھا کیسی ہے وہ آگ؟ | .27 |
| لَا تُبْقِى وَلَا تَذَرُ<br>نہ باقی رکھے،نہ چھوڑے، | .28 |

| | |
|---|---|
| لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ<br>نظر آتی ہے پنڈے پر (جھلسا دینے والی کھال کو)۔ | .29 |
| عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ<br>اس پر مقرر ہیں انیس شخص (کارکن)، | .30 |
| وَمَا جَعَلْنَآ أَصْحَـٰبَ ٱلنَّارِ إِلَّا مَلَـٰٓئِكَةً ۙ<br>اور ہم نے جو رکھے ہیں دوزخ پر لوگ، اور نہیں فرشتے ہیں۔<br>وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا۟<br>اور ان کی جو گنتی رکھی سو جانچنے کو منکروں کے،<br>لِيَسْتَيْقِنَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَـٰبَ وَيَزْدَادَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِيمَـٰنًا ۙ<br>تا (کہ) یقین کریں جن کو ملی ہے کتاب اور بڑھے ایمانداروں کو ایمان،<br>وَلَا يَرْتَابَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَـٰبَ وَٱلْمُؤْمِنُونَ ۙ<br>اور دھوکہ نہ کھائیں جن کو ملی ہے کتاب، اور مسلمان،<br>وَلِيَقُولَ ٱلَّذِينَ فِى قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَٱلْكَـٰفِرُونَ مَاذَآ أَرَادَ ٱللَّهُ بِهَـٰذَا مَثَلًا ۚ<br>اور تا (کہ) کہیں جنکے دل میں روگ ہے اور منکر، کیا غرض تھی اللہ کو اس کہاوت سے؟<br>كَذَٰلِكَ يُضِلُّ ٱللَّهُ مَن يَشَآءُ وَيَهْدِى مَن يَشَآءُ ۚ<br>یوں بچلاتا (گمراہ کرتا) ہے اللہ جس کو چاہے، اور راہ دیتا ہے جس کو چاہے۔ | .31 |

| | |
|---|---|
| | وَمَا يَعۡلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ ۚ<br>اور کوئی نہیں جانتا تیرے رب کے لشکر مگر وہی آپ۔<br>وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكۡرَىٰ لِلۡبَشَرِ<br>اور وہ تو سمجھوتی (نصیحت) ہے لوگوں کے واسطے۔ |
| .32 | كَلَّا وَٱلۡقَمَرِ<br>سچ کہتا ہوں، قسم ہے چاند کی! |
| .33 | وَٱلَّيۡلِ إِذۡ أَدۡبَرَ<br>اور رات کی جب پیٹھ پھیرے (پلٹے)! |
| .34 | وَٱلصُّبۡحِ إِذَآ أَسۡفَرَ<br>اور صبح کی جب روشن ہوئے! |
| .35 | إِنَّهَا لَإِحۡدَى ٱلۡكُبَرِ<br>وہ دوزخ ایک ہے، بڑی چیزوں میں، |
| .36 | نَذِيرًا لِّلۡبَشَرِ<br>ڈراوا ہے لوگوں کو، |
| .37 | لِمَن شَآءَ مِنكُمۡ أَن يَتَقَدَّمَ أَوۡ يَتَأَخَّرَ<br>جو کوئی چاہے تم میں کہ آگے بڑھے یا پیچھے رہے، |

| | |
|---|---|
| كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ<br>ہر جی (شخص) اپنے کئے (اعمال) میں پھنسا ہے، | .38 |
| إِلَّآ أَصْحَٰبَ ٱلْيَمِينِ<br>مگر (سوائے) داہنے والے، | .39 |
| فِى جَنَّٰتٍ يَتَسَآءَلُونَ<br>باغوں میں ہیں مل کر پوچھتے ہیں، | .40 |
| عَنِ ٱلْمُجْرِمِينَ<br>گنہگاروں کا احوال، | .41 |
| مَا سَلَكَكُمْ فِى سَقَرَ<br>تم کاہے سے پڑے دوزخ میں؟ | .42 |
| قَالُوا۟ لَمْ نَكُ مِنَ ٱلْمُصَلِّينَ<br>وہ بولے ہم نہ تھے نماز پڑھتے، | .43 |
| وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ ٱلْمِسْكِينَ<br>اور نہ تھے کھلاتے محتاج کو، | .44 |
| وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ ٱلْخَآئِضِينَ<br>اور تھے بات میں دھنستے (باتیں بناتے) ساتھ دھنسنے (باتیں بنانے) والوں کے۔ | .45 |

| | |
|---|---|
| .46 | وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوۡمِ ٱلدِّينِ<br>اور ہم تھے جھٹلاتے انصاف کے دن (روزِ جزا) کو، |
| .47 | حَتَّىٰٓ أَتَىٰنَا ٱلۡيَقِينُ<br>جب تک آ پہنچی ہم پر یقین (موت) آنے والی۔ |
| .48 | فَمَا تَنفَعُهُمۡ شَفَٰعَةُ ٱلشَّٰفِعِينَ<br>پھر کام نہ آئے گی ان کو سفارش، سفارش کرنے والوں کی۔ |
| .49 | فَمَا لَهُمۡ عَنِ ٱلتَّذۡكِرَةِ مُعۡرِضِينَ<br>پھر کیا ہوا ہے ان کو سمجھوتی (نصیحت) سے منہ موڑتے ہیں؟ |
| .50 | كَأَنَّهُمۡ حُمُرٌ مُّسۡتَنفِرَةٌ<br>جیسے وہ گدھے ہیں بدکے، |
| .51 | فَرَّتۡ مِن قَسۡوَرَةِۭ<br>بھاگے غل کرنے سے۔ |
| .52 | بَلۡ يُرِيدُ كُلُّ ٱمۡرِيٕٖ مِّنۡهُمۡ أَن يُؤۡتَىٰ صُحُفًا مُّنَشَّرَةً<br>بلکہ چاہتا ہے ہر مرد ان میں کہ اس کو ملیں ورق (صحیفہ) کھلے۔ |
| .53 | كَلَّاۖ<br>کوئی (ہرگز) نہیں! |

| | |
|---|---|
| بَل لَّا يَخَافُونَ ٱلۡأٓخِرَةَ<br>پر ڈرتے نہیں آخرت سے۔ | |
| كَلَّآ إِنَّهُۥ تَذۡكِرَةٞ<br>کوئی نہیں (خبردار) ! یہ تو سمجھوتی (نصیحت) ہے، | .54 |
| فَمَن شَآءَ ذَكَرَهُۥ<br>پھر جو کوئی چاہے یاد (نصیحت حاصل) کرے، | .55 |
| وَمَا يَذۡكُرُونَ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُۚ<br>اور وہ یاد (نصیحت حاصل) جبھی کریں، کہ چاہے اللہ۔<br>هُوَ أَهۡلُ ٱلتَّقۡوَىٰ وَأَهۡلُ ٱلۡمَغۡفِرَةِ<br>وہ ہے جس سے ڈر چاہئیے، اور وہی بخشنے کے لائق۔<br>********** | .56 |

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com
Email:
quran4u_com@yahoo.com